© rasailojaraid.com



# تحریکِ

# ریشمی رومال

# کے بارے میں

# ایک شرمناک جھوٹ کی تردید

**مدیرِ الحق کے نام حضرت مولانا محمد اسعد مدنی مدظلہٗ کا ایک وضاحتی مکتوب**

جہادِ حریت واستخلاصِ وطن کے بارے میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کی عالمگیر اور بے مثال تحریک ریشمی رومال" سے مشہور ہے، لائل پور کے کسی ماؤف دماغ شخص نے کچھ عرصہ قبل اس تحریک کے بارہ میں تحریک ریشمی رومال کے نام سے ایک کتاب لکھی جس میں تاریخی واقعات کو ادھر ادھر سے جمع کر کے اپنی کتاب کی نسبت حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی قدس سرہٗ کی طرف کردی اور تحریک کی ناکامی کے اسباب کے ضمن میں تحریک کے بعض ممتاز اور بنیادی کارکنوں کے جذبۂ اخلاص اور وفاداری پر سخیف انداز میں دست درازی کی۔ اس بارہ میں حضرت مولانا محمد اسعد مدنی صاحبزادہ حضرت شیخ الاسلامؒ نے اپنی تشریف آوری کے موقع پر مدیر الحق کے استفسار کے جواب میں جو تحریری وضاحت فرمائی اسے سوال سمیت من وعن یہاں شائع کیا جارہا ہے۔

—— ادارہ ——

حضرت محترم مولانا محمد اسعد مدنی مدظلہٗ

جناب عبدالرحمان ہزاروی نامی ایک شخص نے "تحریک ریشمی رومال" کے نام سے ایک کتاب شائع کی ہے جس کی نسبت تصنیف حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی قدس سرہٗ کی طرف کی گئی ہے اس کتاب کے آخر میں حضرت شیخ الہند مرحوم کے ایک نہایت ممتاز جان نثار معتمد علیہ اور صاحب

© rasailojaraid.com